اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# ہرسطح کی شعبہ مشاورتوں کو update کرنے والے مدنی پھول

زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے
پئے شاہِ مدینہ دور ہوں رنج والم مولیٰ (وسائلِ بخشش ص99)

## اَلحَمدُ لِلّٰہ!

"خیر خواہی، عیادت اور غمگساری سے اسلام پھیلا ہے، اِسے اپنی عادت بنالیجئے" اَلحَمدُ لِلّٰہ! امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کا معافی مانگنے اور اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرنے والا انداز ہے۔ اسلامی بہنیں بھی معافی مانگنے اور دلجوئی والا انداز اختیار کریں"۔

(6 تا 9 اگست 2016ء شوریٰ کا مدنی مشورہ)

آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلّم کی دکھیاری امت کی غمخواری اور دلجوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں مثلاً (اولاد کی نافرمانی، تنگ دستی، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقیوں وغیرہ) میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لیے جُمَادَی الآخر کے تیسرے ہفتے خصوصیت کے ساتھ دعاؤں کا سلسلہ ہو گا۔ ان شآء اللہ الکریم

**ہرسطح کی شعبہ مشاورتیں** نیت فرمالیں کہ اجتماعِ دعائے حاجات کے دینی کاموں میں نہ صرف خود حصہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں گے۔ ان شآء اللہ الکریم

☆ اراکین عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ بین الاقوامی امور اپنے اپنے ملکوں / شعبوں سے وابستہ بیرونِ ملک ذمہ داران (جو مصیبتوں میں گھری ہوں) کی بذریعہ اسکائپ / whatsapp غم خواری (ان کی سہولت کو پیشِ نظر رکھ کر) فرمائیں۔

"ذمہ داران کو چاہیئے کہ وہ اسلامی بہنوں کی بتکلّف خیر خواہی اور غمخواری کرے یہاں تک کہ یہ اس کی عادت بن جائے"۔ "بغیر کام کے بھی کبھی کبھار مزاج پُرسی کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے رابطہ کر لیا جائے جو رابطے میں نہیں رہا اسے کال کر کے حال احوال پوچھ لیا کریں۔ (6 تا 9 اگست 2016ء شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿1﴾ جُمَادَی الآخر کے دوسرے ہفتے "**اجتماع دعائے حاجات سے متعلق تشہیری پمفلٹ**" یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران، شعبہ رابطہ ذمہ دار (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کے ذریعے شخصیات کو، شعبہ تعلیم ذمہ دار (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کے ذریعے تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات کو، تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) نگران، روحانی علاج کی بستہ ذمہ داران کے ذریعے بستوں پر، یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران، مدرسۃ المدینہ بالغات) ذمہ دار اور گلی گلی مدرسۃ المدینہ ذمہ دار کے ذریعے مدرسۃ المدینہ میں پڑھنے والیوں اور بچیوں کی والدہ اور باجی وغیرہ کو بھیجا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنیں اجتماعِ دعائے حاجات میں شرکت کر سکیں۔

☆ شعبہ رابطہ وشعبۂ تعلیم سے وابستہ شخصیات کو اس پمفلٹ کی Image بھی سینڈ کی جاسکتی ہے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ جُمَادَی الآخر کے دوسرے ہفتے علاقائی دورہ میں اور انفرادی کوشش کے ذریعے " اجتماع دعائے حاجات " میں شرکت کی دعوت دی جائے۔

**عالمی مجلسِ مشاورت**

**(دعوتِ اسلامی)**